# اہل خانہ کے لیے گوگل کلاس روم کے لیے ایک رہنمائی

آپ کے بچے کی گھر پر تعلیم کی معاونت کرنے کے لیے معلومات اور تجاویز

Department of Education

T&I 31287 Family Guide 02 Google Classroom (Urdu)


# باخبر رہیں

ریموٹ لرنگ کے بارے میں تازہ ترین معلومات کو موصول کرنے کے لیے [www.schools.nyc.gov](http://www.schools.nyc.gov) پر جائیں۔

COVID-19 کی معمول میں تازہ ترین خبریں موصول کرنے کے لیے 692-692 پر "COVID" ٹیکسٹ کریں۔

ہماری ویب سائٹ کی معاونت گوگل ٹرانسلیٹ کے ذریعے کی گئی ہے۔ اس صفحے کے بالائی حصے میں اپنی ترجیحی زبان کو منتخب کریں۔





# ریموٹ لرننگ کے متعلق اہم معلومات

23 مارچ، 2020، کو نیو یارک شہر کے پبلک اسکولوں نے تمام طلبا کے لیے ریموٹ لرننگ کا آغاز کیا تھا جو کہ تعلیمی سال 2019-2020 کے اختتام تک ہو گی۔ ریموٹ لرننگ کے بارے میں تازہ ترین معلومات کو موصول کرنے کے لیے www.schools.nyc.gov پر جائیں۔

ہمارا مرکزی صفحہ ہمارے اسکولوں اور آپ کے بچے کی تعلیم کے متعلق اہم معلومات کا اشتراک کرتا ہے۔

نیو یارک کے تمام باشندے ایک دن میں تین وقت کے مفت کھانے پیر تا جمعہ موصول کر سکتے ہیں۔ اپنے نزدیک مفت کھانے کے ایک مقام کو تلاش کریں۔

اپنے بچے کی گھر پر تعلیم کی معاونت کرنے کے وسائل کے لیے طلبا کی سرگرمیوں کے صفحے پر جائیں۔

جن اہل خانہ کو اپنے بچے کے لیے انٹرنیٹ کی قابلیت کے ساتھ ایک آلے کی ضرورت ہے وہ آلے کی درخواست کے فارم کو مکمل کر کے یا 718-955-5100 ایکسٹینشن 5 پر رابطہ کر کے ایک آلے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

ہمارا اکثر پوچھے جانے والے سوالات کا صفحہ طلبا کے لیے ریموٹ لرننگ تک رسائی اور خدمات کے متعلق سوالات کے جوابات کا اشتراک کرتا ہے۔

علاقائی تقویتی مراکز (RECs) صفِ اول میں مدد کرنے والے افراد (فرسٹ رسپانڈرز) کے بچوں کو نگہداشت فراہم کرتے ہیں۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ اہل ہو سکتے ہیں تو REC سروے کو مکمل کریں۔

# گوگل کلاس روم

گوگل کلاس روم ایک آن لائن پلیٹ فام ہے جہاں طلبا:

- مفوضہ کام مکمل اور جمع کرواتے ہیں
- اسباق میں شرکت کرتے ہیں
- اپنے اساتذہ کے ساتھ بات چیت کرتے ہیں
- اپنے کلاس کے کام کو آن لائن فولڈرز میں رکھتے ہیں۔


آپ گوگل کلاس روم کو آئی پیڈز، آئی فونز، اور اینڈرویڈ آلات پر استعمال کر سکتے ہیں۔

# گوگل کلاس روم میں لاگ ان کرنا


1. ذیل پر جائیں classroom.google.com
2. اگر آپ کے اسکول نے آپ کو ایک گوگل اکاؤنٹ فراہم کیا تھا تو اس اکاؤنٹ کو استعمال کریں۔ اگر نہیں، تو ریموٹ لرنگ پورٹل کے اکاؤنٹ کی انہی معلومات کو استعمال کریں۔ اس کا اختتام "**@nycstudents.net**" پر ہوتا ہے۔
3. آپ سے اپنے ریموٹ لرنگ پورٹل میں دوبارہ لاگ اِن کرنے کو کہا جا سکتا ہے۔

**یاددہانی:** آپ کا ذاتی اکاؤنٹ جس کا اختتام "gmail.com@" پر ہوتا ہے یہ آپ کے بچے کو ان کے استاد کے کلاس روم تک رسائی مہیا نہیں کرے گا۔


1




2




3



# گوگل کلاس روم میں لاگ اِن کرنا (جاری)


گوگل بیک وقت متعدد اکاؤنٹس میں لاگ اِن رہنے کی اجازت دیتا ہے۔ اگر آپ متعدد اکاؤنٹس میں لاگ اِن ہیں تو ہو سکتا ہے کہ آپ کا بچہ اپنے کلاس روم کو دیکھنے کے قابل نہ ہو۔ اس مسئلے کو حل کرنے کے دو طریقے ہیں:

1. **اپنے ویب براؤزر میں ایک " new incognito window" کو استعمال کر کے یا؛**


2. اپنے اکاؤنٹس کی فہرست سے ایک یوزر اکاؤنٹ کو منتخب کر کے۔
   - اپنی اسکرین پر دائیں ہاتھ کے بالائی حصے میں "اکاؤنٹس" کے آئیکان پر کلک کریں۔
   - اپنے بچے کی پروفائیل کو منتخب کریں۔

**یاددہانی:** آپ کا ذاتی اکاؤنٹ جس کا اختتام "@gmail.com" پر ہوتا ہے یہ آپ کے بچے کو ان کے استاد کے کلاس روم تک رسائی مہیا نہیں کرے گا۔

1




2



# کلاس میں شامل ہونا


طلبا کلاس روم میں دو طریقوں سے شامل ہو سکتے ہیں


1. **ان کے استاد کے ذریعے ایک آن لائن دعوت نامے کے ذریعے۔** اگر آپ کے بچے نے ایک دعوت نامہ موصول کیا تھا تو ان کو "Join" پر کلک کرنے کی ضرورت ہے۔

یا؛

2. **کلاس روم کے ایک کوڈ کو استعمال کر کے۔** اگر آپ کے بچے نے ایک رسائی کوڈ (ایکسس کوڈ) موصول کیا تھا تو ان کو ذیل کرنے کی ضرورت ہے:

- اپنی اسکرین پر دائیں ہاتھ کے بالائی حصے میں "+" کے آئیکان پر کلک کریں۔
- ”Join Class" پر کلک کریں۔
- **کلاس کے کوڈ** کو داخلے کریں۔ ایک کلاس کا کوڈ 6 یا 7 حروف یا ہندسوں پر مشتمل ہوتا ہے




# ہوم پیج

گوگل کلاس روم **"ہوم پیج"** آپ کے بچے کے ان کلاس رومز کو دکھائے گا جن میں یہ ہے۔ اس پیج کی اہم خصوصیات میں ذیل شامل ہیں:

1. **"Waffle" آئیکان** آپ کو آپ کے بچے کے لیے دستیاب مختلف وسائل کو دکھاتا ہے۔
2. **کلاس اور استاد کا نام۔**
3. اس کلاس کے استاد کے ذریعے دیا گیا **سابقہ اور مستقبل کا کام۔**
4. آپ کے بچے کے کلاس کے تمام کام کے ساتھ **آن لائن فولڈر۔**
5. **ہیلپ سینٹر اور ہیلپ کمیونٹی** میں آپ سوالات پوچھ سکتے ہیں یا گوگل کلاس روم کے بارے میں مزید جان سکتے ہیں۔ ان صفحات (پیجز) کو گوگل کے ذریعے منظم کیا گیا ہے، نہ کہ آپ کے اسکول ذریعے۔




# سٹریم (Stream)

Stream صفحے پر اساتذہ طلبا کے ساتھ بات چیت کر سکتے ہیں۔

جب اساتذہ آن لائن نشست میں مفوضہ کام، کوئزز، مواد یا لنکس کا اشتراک کرتے ہیں تو یہ سٹریم کے صفحے پر بھی ظاہر ہوتے ہیں۔

اساتذہ طلبا کو سٹریم صفحے پر چیزیں شائع (پوسٹ) کرنے اور ان کے ہم جماعتوں کے ساتھ بات چیت کرنے کی اجازت دے سکتے ہیں۔




# کلاس کا کام (Classwork)


**کلاس کے کام (Classwork)** کے صفحے پر کلاس کا تمام مفوضہ کام، کوئزز اور مواد شامل ہے۔

طلبا کلاس کے کام کے صفحے کو کام کو جمع کروانے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں جس کو بعد میں استاد کے ذریعے گریڈ دیا جاتا ہے۔

# لوگ (People)

**People** صفحے میں اس کلاس کے لیے تمام اساتذہ کی فہرست شامل ہوتی ہے۔




# مفوضہ کام جمع کروانا

آپ کا بچہ **کلاس کے کام** کے صفحے کو استعمال کر کے مفوضہ کام کا جائزہ لے سکتا ہے اور اس کو جمع کروا سکتا ہے۔ مفوضہ کام کو جمع کروانا:

1. **Classwork** صفحے پر کلک پر کریں۔
2. assignment پر کلک کریں،
3. **"View assignment"** پر کلک کریں۔




# مفوضہ کام جمع کروانا (جاری)

عموماً، استاد کے پاس پہلے ہی سے آپ کے بچے کے لیے مکمل کرنے کے لیے ایک دستاویز ہو گا۔ اگر نہیں، تو مفوضہ کام کا جواب دینے کے لیے یا اس کو جمع کروانے کے ایک طریقے کو منتخب کرنے کے لیے "**+ Add or Create**" پر کلک کریں۔

- مثال کے طور پر "**Google Drive**" پر کلک کرنے سے یہ آپ کے بچے کو اپنے آن لائن فولڈر سے کسی بھی کام کو جمع کروانے دے گا۔

جب مفوضہ کام استاد کے لیے جائزہ لینے کے لیے تیار ہو تو "**Mark as done**" پر کلک کریں۔

- اساتذہ ایسا کام دے سکتے ہیں جس کو جمع کروانے کی ضرورت نہ ہو، جیسے کہ ایک فارم کو مکمل کرنا۔ جب کام مکمل ہو جائے گا تو یہ محض "**Mark as done**" پر نشان لگائیں گے۔




# سرپرستوں کے لیے خلاصہ

اہل خانہ کو ہفتہ وار یا ہر روز بھیجی جانے والے ای میل پیغامات **سرستوں کے لیے خلاصے** ہیں۔ یہ ای میلز ذیل سے مطلع کرتی ہیں:

- **نہ کیا گیا کام** اگر آپ کے بچے کو اب بھی اس مفوضہ کام کو جمع کروانے کی ضرورت ہے جس کی آخری تاریخ گذر گئی ہے۔
- اگلے ہفتے کے لیے **مستقبل کا کام**۔
- **کلاس میں سرگرمی** جیسے کہ حال ہی میں آپ کے بچے کا مکمل کردہ کام یا استاد کے اعلانات کے لیے ان کے جوابات۔

اگر آپ اپنے بچے کے لیے سرپرستوں کے لیے خلاصے کو موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں تو اپنے اسکول کے استاد کو ای میل بھیجیں۔



# ریموٹ لرننگ کے لیے NYCDOE کے لنکس

نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم
https://www.schools.nyc.gov/

طلبا کے لیے سرگرمیاں
https://www.schools.nyc.gov/learn-at-home/activities-for-students

تکنیکی آلہ کار اور معاونت
https://www.schools.nyc.gov/learn-at-home/technical-tools-and-support

ریموٹ لرنگ کے متعلق اکثر پوچھے جانے والے سوالات
https://www.schools.nyc.gov/learn-at-home/information-on-remote-learning

مفت کھانے
https://www.schools.nyc.gov/school-life/food/free-meals

ریموٹ لرنگ کے لیے آلات
https://www.schools.nyc.gov/learn-at-home/ipad-distribution

علاقائی تعلیمی تقویتی مراکز
https://www.schools.nyc.gov/enrollment/enrollment-help/regional-enrichment-centers

محکمئہ تعلیم کی جانب سے آپ کے آئی پیڈ کے ساتھ آغاز کرنا
https://www.schools.nyc.gov/learn-at-home/ipad-distribution/getting-started-with-your-ipad